سرمایہ کاری نے تمام علاقوں میں خدما ت کو بہتر بنایا، کے۔ الیکٹرک

اسلام آباد، 28 نومبر 2023: نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے منگل کو کے۔ الیکٹرک کی جانب سے کراچی، دھابیجی، گھارو (سندھ) اور حب، بیلہ، وندر(بلوچستان) سمیت اُس کے دائرہ کار کے علاقوں کو آئندہ 20 سال کے لیے غیر خصوصی ڈسٹری بیوشن لائسنس اور سپلائر لائسنس دینے کی درخواست کی سماعت کی۔

سماعت میں کراچی کی صنعتوں اور عام صارفین سمیت مختلف شراکت داروں نے شرکت کی کے۔ الیکٹرک کی سینئر قیادت بشمول چیف فنانشل آفیسر عامر غازیانی، چیف ڈسٹری بیوشن آفیسر فواد گیلانی اور چیف مارکیٹنگ اینڈ کمیونی کیشن آفیسر سعدیہ دادا نے ریگولیٹر کی جانب سے کیے گئے سوالات کے جوابات دیے۔

کے۔ الیکٹرک نے بتایا کہ کمپنی نے نجکاری کے بعد سے کراچی میں بجلی کی فراہمی کو بہتر بنانے کے لیے تقریباً 544 ارب روپے (4.4 ارب امریکی ڈالرز) کی سرمایہ کاری کی، جس کے نتیجے میں پیداواری صلاحیت میں 1,957 میگاواٹ کا اضافہ ہوا اور فلیٹ ایفیشینسی کی کارکردگی میں 12 فیصد بہتری آئی، جو 2005 کے 30 فیصد سے بڑھ کر 2023 میں 42 فیصد پر جاپہنچی ہے۔ مالی سال 2023 کی آخری سہ ماہی میں 900 میگاواٹ کے موثر آر ایل این جی پلانٹ کی کمیشنگ کی گئی ہے۔ مذکورہ پاور پلانٹ پورے سال کام کرے گا تو پیداواری یونٹس کی کارکردگی 49 فیصد تک بڑھ جائے گی۔ کے الیکٹرک کی قیادت نے بتایا کہ نجکاری کے بعد سے ترسیل و تقسیم نظام کی استعداد دوگنی ہوگئی ہے جبکہ لائن لاسز نصف ہوچکے ہیں۔

زیادہ تر گفتگو ٹیرف کے حوالے سے ہوئی اور کس طرح ٹیرف کراچی کی صنعتوں کو فائدہ فراہم کرسکتا ہے۔ سماعت کے شرکاء نے کے الیکٹرک کے نیٹورک اور ادارے کی خدمات پر اطمینان کا اظہار کیا جبکہ کچھ شرکاء نے حکمت عملی میں بہتری کے حوالے سے تجاویز بھی دیں۔

خدمات کو قابل بھروسہ بنانے کے حوالے سے سوال کے جواب میں کمپنی نے بتایا کہ اُس نے انفرا اسٹرکچر کو جدید بنانے اور سہولتوں کو بہتر بنانے کے لیے آئی ٹی اور ٹیکنالوجی پر کافی سرمایہ کاری کی ہے۔ جن میں جغرافیائی انفارمیشن سسٹم (جی آئی ایس) کا استعمال اور 60,000 اسمارٹ میٹرز کی تنصیب جیسے اہم اقدامات شامل ہیں، جو بجلی کی کھپت کے رجحانات کی زیادہ واضح انداز میں نشاندہی کرتے ہیں۔

کے۔ الیکٹرک کے سی ایف او عامر غازیانی نے کہا کہ ہم صارفین کو بہترین معیار کی سہولتیں فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ ہمارا 484 ارب روپے کا سرمایہ کاری منصوبہ اور 1,200 میگاواٹ سے زائد قابل تجدید توانائی کا مجوزہ اضافہ اس بات کا ثبوت ہے۔

کے۔ الیکٹرک کا تعارف

کے۔ الیکٹرک ایک پبلک لسٹڈ کمپنی ہے۔ 1913ء میں بنی کمپنی کی پاکستان میں شمولیت کے ای ایس ای کے نام سے ہوئی۔ کے۔ الیکٹرک پاکستان کی واحد عمودی طور پر مربوط یوٹیلیٹی ہے، جو کراچی اور اُس کے ملحقہ علاقوں سمیت 6500 مربع کلومیٹر علاقے کو بجلی فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کے 66.4 فیصد حصص (شیئرز) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں لسٹڈ ہیں، اور کے ایس ای پاور کی ملکیت ہیں۔ یہ سرمایہ کاروں کا ایک کنسورشیم ہے، جس میں سعودی عرب کی الجومعہ پاور لمیٹڈ، کویت کا نیشنل انڈسٹریز گروپ (ہولڈنگ) اور انفرا اسٹرکچر اینڈ گروتھ کیپٹل فنڈ (آئی جی سی ایف) شامل ہیں۔ کے۔ الیکٹرک میں حکومت پاکستان کے بھی 24.36 فیصد حصص ہیں۔